Funded by UK Government

# پاکستان واپسی

## معلوماتی کتابچہ

## آپ کو کیا مدد فراہم کی جاسکتی ہے؟

### قبل از روانگی معلومات کی فراہمی:

جو افراد پاکستان واپس آنے میں دلچسپی رکھتے ہیں وہ دوبارہ بحالی کے اختیارات کے انتخاب پر بات کرنے کے لیے **WELDO** سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

پاکستان واپس پہنچ جانے والے افراد بھی دوبارہ بحالی کے اختیارات کے انتخاب پر بات کرنے کے لیے **WELDO** سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### وطن آمد پر فراہم کی جانے والی سہولیات اور امداد:

### قلیل مدتی امداد:

- ائیر پورٹ پر استقبالیہ (درخواست کرنے پر)۔
- پانچ راتوں تک عارضی رہائش۔
- اندرون ملک پتے تک سفر اور نقل و حمل کی سہولت۔
- خوراک کی فراہمی اور حفظان صحت کے پیک۔
- فوری اور ہنگامی ضروریات کے لیے نقد امداد کی فراہمی۔

### درمیانی مدت کی مدد:

- خاندان کو ڈھونڈنے اور دوبارہ ملنے میں مدد کی فراہمی۔
- اندرون ملک قانونی دستاویزات کے حصول میں معاونت۔
- مقامی خدمات تک رسائی کے حصول میں معاونت۔
- ذہنی تندرستی و سماجی بہبود کے لیے مشاورت (ضرورت پڑنے پر)۔

### طویل مدتی امداد:

وطن واپس آنے والے افراد کیلئے تعلیم و کاروبار فنڈ تک رسائی برائے:

- ملازمت تک رسائی میں معاونت۔
- کاروبار شروع کرنے میں معاونت۔
- پیشہ ورانہ تربیت یا مزید تعلیم کے حصول میں مدد۔
- قانونی طور پر نقل مکانی کرنے میں معاونت۔

WELDO
Rebuilding Lives

## کون اس سپورٹ کو حاصل کر سکتا ہے؟

اگر آپ پاکستانی شہری ہیں اور پاکستان واپس پہنچ چکے ہیں، یا برطانیہ سے واپس آنے والے ہیں، تو **WELDO** آپکو پاکستان میں زندگی دوبارہ شروع کرنے میں مدد فراہم کر سکتا ہے۔

## سپورٹ تک کیسے پہنچیں؟

اسلام آباد میں **WELDO** کے دفتر سے براہ راست رابطہ کرنے کے لئے، درج ذیل رابطِ کی معلومات کا استعمال کیجئے۔

## پروگرام کے بارے میں:

Home Office Returns Reintegration Program برطانیہ میں ان لوگوں کی واپسی اور دوبارہ بحالی میں مدد کرتا ہے جن کی برطانیہ میں کوئی قانونی حیثیت یا رہنے کا حق نہیں ہے۔ یہ پروگرام پاکستان واپس آنے والے افراد کے لیے وسیع پیمانے پر خدمات فراہم کرتا ہے، جن میں وطن آمد پر مدد کیساتھ، طویل مدتی امداد کی فراہمی بھی شامل ہے۔

## WELDO کے بارے میں:

**WELDO** پاکستان میں دوبارہ بحالی کا خصوصی پارٹنر ہے تاکہ واپس آنے والوں کو واپسی اور دوبارہ بحالی کی خدمات فراہم کی جا سکیں۔ پاکستان میں کامیابی کے ساتھ دوبارہ آباد ہونے والے افراد اور خاندانوں کی مدد کرنے کے لیے پرعزم ہونے کی وجہ سے، **WELDO** نے 15,000 سے زیادہ واپس آنے والوں کو دوبارہ بحالی کی خدمات فراہم کی ہیں۔

## پاکستان میں رابطے کی معلومات:


**ویلڈو دفتر کا پتہ** :بلڈنگ نمبر 57، کلاک ٹاور کے بالمقابل، ڈی ایچ اے 1، سیکٹر ایف، اسلام آباد، پاکستان

**ویلڈو کے دفتری اوقات**: پیر سے جمعہ تک (صبح ۸:۳۰ سے بجے سے لیکر شام ۵:۳۰ بجے تک)

**موبائل ٹیلیفون** : 0092 333 6274 111, 0092 333 6275 888

**ایمیل:** horrp@weldo.org

**ویب:** www.weldo.org


WELDO
Rebuilding Lives

version # PK-A004-April2025